| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: ذرائع آمدورفت**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اُن ذرائع آمدورفت کے متعلق جان سکیں جو لوگ استعمال کرتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ذرائع آمدورفت'' نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں۔

طلبہ کو فلیش کارڈز دکھاتے ہوئے پوچھیں کہ:

- یہ کون سی سواریاں ہے؟
- آپ سکول آنے کے لیے کس سواری کا استعمال کرتے ہیں؟

جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 35 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو ''ذرائع آمدورفت'' کا مطلب بتائیں اور اس کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- انھیں بتائیں ہم ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے کے لیے مختلف سواریوں کا استعمال کرتے ہیں جیسے سائیکل، موٹر سائیکل، بس، ریل گاڑی، ہوائی جہاز اور بحری جہاز وغیرہ۔ انھیں ذرائع آمدورفت کہتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں ذرائع آمدورفت کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے۔ ذرائع آمدورفت کے بغیر سفر کرنا مشکل ہے۔

- ذرائع آمد و رفت نے ہمارے سفر کو آسان کر دیا ہے۔ اب دنوں کا فاصلہ گھنٹوں میں اور گھنٹوں کا فاصلہ دنوں میں طے ہو جاتا ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مختلف | مُخ۔تَ۔لف | علیحدہ |
| استعمال | اِس۔تِع۔مال | کام میں لانا |
| رفتار | رَف۔تار | کسی جسم کی حرکت کی کیفیت |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(i) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کیا کبھی آپ اپنے علاقے سے باہر گئے ہیں؟ وہاں جانے کے لیے آپ نے کون سی سواری استعمال کی۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 1 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: ذرائع آمد ورفت

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سست اور تیز رفتار ذرائع آمد ورفت میں فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مار کر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ذرائع آمد ورفت'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کی پسندیدہ سواری کون سی ہے؟

طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 35 سے متن پڑھوائیں۔ اور متن پر بنی تصویر پر گفت گو کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے چند سواریوں کے نام بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ ہوائی، زمینی اور سمندری سفر کے لیے مختلف سواریاں افراد یا سامان کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ انھیں بتائیں تیز رفتار ذرائع آمد ورفت کی رفتار بہت زیادہ ہوتی ہے یہ کم وقت میں ایک جگہ سے دوسری جگہ بہم پہنچاتی ہیں جبکہ سست رفتار ذرائع آمد ورفت کی رفتار کم اور سفر کا دورانیہ زیادہ ہوتا ہے۔
- طلبہ سے تیز رفتار زمینی سواری کا نام پوچھیں۔ جواب دینے کا موقع دیں اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ کو سست رفتار، ذرائع آمد ورفت کے نام بتائیں۔ جیسے: تانگا، سائیکل وغیرہ۔

- طلبہ کو تیز رفتار ذرائع آمدورفت کے نام بتائیں۔ جیسے موٹر سائیکل، کار، فلائنگ کوچ، بس، ویگن، ریل گاڑی، ہوائی جہاز، بحری جہاز وغیرہ۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| فاصلہ | فا۔صِ۔لَہ | دوری |
| سُست | سُ۔ست | کام میں دیر لگانے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (ii) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

آپ کے گھر کے قریب رہنے والے رشتہ داروں کے گھر جانے کے لیے آپ کون سی سواری استعمال کرتے ہیں۔ کمرا جماعت میں ساتھیوں کو بتائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ذرائع آمد و رفت |
|---|---|---|

سوال نمبر 1: تیز اور سُست رفتار سواریوں کی فہرست بنائیں۔

| تیز رفتار سواریاں | سُست رفتار سواریاں |
|---|---|
| | |

☆ مندرجہ بالا میں سے آپ کو کون سی سواری پسند ہے؟ تصویر بنا کر رنگ بھریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ___ | ہفتہ: 1 | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: ذرائع آمد و رفت

## حاصلاتِ تعلم:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اُن مقامات کے متعلق جان لیں جہاں بسیں اور ریل گاڑیاں رُکتی ہیں (جہاز، پرواز کرتے اور اُترتے ہیں اور بحری جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں۔
- بس اڈّے، ہوائی اڈّے، ریلوے اسٹیشن اور بندرگاہ پر ہونے والی سرگرمیوں کو بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "ذرائع آمد و رفت" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے فلیش کارڈز کی مدد سے پوچھیں:

ان میں کون سی سواریاں تیز رفتار ہیں؟

ان میں کون کون سی سواری سست رفتار ہے؟

طلبہ سے جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 36 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ:
  - کیا آپ نے کبھی ریل گاڑی پر سفر کیا ہے؟
  - آپ نے ریل گاڑی پر کس جگہ کا سفر کیا ہے؟
  - کیا آپ نے کبھی بس کا سفر کیا ہے اگر ہاں تو کس جگہ اور کس کے ساتھ؟

- طلبہ کو بس اڈہ کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ ایک ایسی جگہ ہے جہاں ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کے لیے بسیں آکر رکتی ہیں۔ مسافر یہاں جمع ہوتے ہیں اور اس پر سوار ہونے کا انتظار کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بس پر سوار ہونے کا طریقہ بتائیں۔ کہ اگر آپ کبھی کسی سواری مثلاً بس وغیرہ سوار ہوتے ہیں تو جلد بازی اور دھکم پیل سے گریز کریں۔
- متن کی مدد سے بچوں کو ریل گاڑی کے بارے میں بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ یہ زمینی سفر کی تیز ترین سواری ہے۔
- انھیں بتائیں کہ لوگ اس پر سوار ہونے کے لیے ریلوے اسٹیشن آتے ہیں وہاں سے اپنی متعلقہ جگہ کا سفر کرنے کے لیے ٹکٹ خریدتے ہیں اور پھر اس پر روانہ ہوتے ہیں۔
- ریل گاڑی کے سب سے آگے انجن لگا ہوتا ہے۔ اور اس کے پیچھے بہت سے ڈبے لگے ہوتے ہیں جس پر سوار ہو کر لوگ ایک شہر سے دوسرے شہر کا سفر چند گھنٹوں میں کر لیتے ہیں۔
- طلبہ کو مزید بتائیں کہ ریل گاڑی زمین پر بنی ایک خاص پٹڑی پر چلتی ہے۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تعداد | تَع۔ داد | گنتی/مقدار |
| انتظار | اِن۔ تِ۔ ظار | راہ دیکھنا |
| روانہ ہونا | رَ۔ وا۔ نَہ۔ ہونا | رُخصت ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

کیا آپ نے کبھی ریل گاڑی کا سفر کیا ہے؟ اور اگر کیا ہے آپ کس شہر میں گئے نام بتائیں۔

## گھر کا کام:   2منٹ

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ:   5منٹ

دی ہوئی تصاویر میں تیز اور سست رفتار سواریوں کی شناخت کر سکیں۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| سُست رفتار سواریاں | .................................... | .................................... | .................................... |
| تیز رفتار سواریاں | .................................... | .................................... | .................................... |